# ماڈیول ۱۰

## اخلاص کی راہ میں رکاوٹیں

ہم جانتے ہیں کہ اخلاص کسی بھی عمل میں ایک بنیادی عنصر ہے، خاص طور پر طلبِ علم میں۔ اگر اخلاص نہ ہو تو علم کا حصول بے مقصد ہو جاتا ہے اور اس کے نتائج انتہائی بھیانک ہوتے ہیں۔ ان رکاوٹوں میں سب سے بڑی رکاوٹ ریاکاری ہے، جس کا مطلب ہے کہ انسان لوگوں کو دکھانے کے لیے کوئی عمل کرے۔

## ریاکاری کی تعریف اور نقصانات

ریاکاری کا مطلب ہے دکھاوا کرنا، یعنی کوئی ایسا عمل جو دین کا ہو اور اس کے پیچھے مقصد اللہ کی رضا نہ ہو بلکہ لوگوں کو خوش کرنا ہو۔ جب کوئی شخص لوگوں کی تعریف کے لیے کوئی نیک عمل کرتا ہے تو اس کا مقصد اللہ کی خوشنودی نہیں بلکہ لوگوں کی نظر میں بڑا بننا ہوتا ہے۔ یہ عمل دین کے لحاظ سے ناقابل قبول ہے اور اخلاص کو برباد کر دیتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"جس شخص نے اللہ کی رضا کے لیے لوگوں کو ناراض کر دیا، تو اللہ اس کے لیے کافی ہو جائیں گے اور لوگوں کی طرف سے آنے والی تکلیف اور نقصان سے اسے محفوظ رکھیں گے۔ اور جس شخص نے لوگوں کو راضی کرنا چاہا اور اس کوشش میں اللہ کو ناراض کر دیا، تو اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کے سپرد کر دیتے ہیں، اور پھر لوگ کبھی راضی نہیں ہوتے۔"

اس حدیث میں ایک اہم سبق دیا گیا ہے کہ انسان کو ہر کام میں صرف اللہ کی رضا اور خوشی تلاش کرنی چاہیے۔ اگر انسان اللہ کے لیے سچائی اور حق پر قائم رہتا ہے، چاہے اس میں لوگ اس سے ناراض ہی کیوں نہ ہو جائیں، تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتے ہیں اور ہر قسم کے نقصان اور تکلیف سے اسے بچا لیتے ہیں۔

دوسری طرف، جو انسان لوگوں کو خوش کرنے کے چکر میں اللہ کو ناراض کرلیتا ہے، اس کا انجام یہ ہوتا ہے کہ نہ تو لوگ اس سے مخلص رہتے ہیں اور نہ ہی اللہ کی مدد اسے نصیب ہوتی ہے۔ آخرت میں بھی اللہ کی نفرت اور رسوائی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔

## ریاکاری کی صورتیں

ریاکاری کی کئی اقسام ہیں۔ ایک صورت یہ ہے کہ انسان شروع سے ہی کسی عمل کو ریاکاری کی نیت سے انجام دے۔ جیسے نماز، روزہ، یا علم حاصل کرنا۔ اگر شروع میں ہی نیت لوگوں کو دکھانے کی ہو تو ایسا عمل ضائع ہو جاتا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ابتدا میں عمل خلوص سے شروع ہو لیکن دورانِ عمل ریاکاری کا خیال آجائے، تو اس صورت میں بھی یہ عمل متاثر ہوتا ہے۔ ایسے میں انسان کو اپنی نیت کی حفاظت کرتے رہنا چاہیے۔

## ریاکاری کا نقصان

ریاکاری کے نقصانات میں سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے یہ عمل قابل قبول نہیں ہوتا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ریاکاری ایک چھوٹا شرک ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے عمل کو پسند نہیں فرماتے جس میں ان کے ساتھ کسی اور کو شریک کیا جائے۔ جو لوگ اللہ کی رضا کو چھوڑ کر لوگوں کو راضی کرنے کی کوشش کرتے ہیں، وہ دنیا اور آخرت دونوں میں نقصان اٹھاتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"قیامت کے دن سب سے پہلے تین لوگوں کا فیصلہ کیا جائے گا:
ایک شہید کو بلایا جائے گا، اللہ اسے اپنی نعمتیں یاد دلائے گا، اور وہ انہیں پہچان لے گا۔ اللہ فرمائے گا: 'تم نے ان نعمتوں کے ساتھ کیا کیا؟'
وہ کہے گا: 'میں نے آپ کی راہ میں لڑائی کی اور شہید ہو گیا۔'
اللہ فرمائے گا: 'تم جھوٹے ہو۔ تم نے یہ اس لیے کیا تاکہ لوگ تمہیں بہادر کہیں۔' پھر اسے اس کے چہرے کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

پھر ایک عالم یا قاری کو بلایا جائے گا، اللہ اسے اپنی نعمتیں یاد دلائے گا، اور وہ انہیں پہچان لے گا۔ اللہ فرمائے گا: 'تم نے ان نعمتوں کے ساتھ کیا کیا؟'
وہ کہے گا: 'میں نے علم سیکھا اور دوسروں کو سکھایا، اور قرآن کی تلاوت کی۔'
اللہ فرمائے گا: 'تم جھوٹے ہو۔ تم نے یہ اس لیے کیا تاکہ لوگ تمہیں عالم کہیں۔' پھر اسے بھی اس کے چہرے کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

پھر ایک مالدار آدمی کو بلایا جائے گا، اللہ اسے اپنی نعمتیں یاد دلائے گا، اور وہ انہیں پہچان لے گا۔ اللہ فرمائے گا: 'تم نے ان نعمتوں کے ساتھ کیا کیا؟'
وہ کہے گا: 'میں نے آپ کی راہ میں خرچ کیا۔'
اللہ فرمائے گا: 'تم جھوٹے ہو۔ تم نے یہ اس لیے کیا تاکہ لوگ تمہیں سخی کہیں۔' پھر اسے بھی اس کے چہرے کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔"

### شہید کا واقعہ:

شہید کو سب سے پہلے بلایا جائے گا کیونکہ شہادت اسلام کا ایک اونچا درجہ ہے۔ اللہ اسے اپنی نعمتیں یاد دلائے گا، جیسے زندگی، عقل، اور طاقت۔ وہ مان لے گا کہ یہ سب اللہ کی طرف سے تھا۔ پھر اللہ اس سے پوچھے گا کہ ان نعمتوں کا کیا کیا۔ وہ جواب دے گا کہ اللہ کی راہ میں اپنی جان دے دی۔ لیکن اگر اس کا مقصد دنیا کے لوگوں کی تعریف اور شہرت حاصل کرنا تھا، تو اس کا عمل خارج کر دیا جائے گا، اور اسے عذاب دیا جائے گا۔

### عالم اور قاری کا واقعہ:

عالم اور قرآن پڑھنے والے کا درجہ اللہ کے نزدیک بہت بلند ہے۔ لیکن اگر اس کا مقصد اللہ کی رضا کے بجائے لوگوں سے تعریف سننا تھا، تو اس کا بھی عمل بیکار ہو جائے گا۔ اللہ صرف وہ عمل قبول کرتا ہے جو اخلاص کے ساتھ صرف اس کی رضا کے لیے کیا گیا ہو۔

### مالدار کا واقعہ:

مالدار جو اپنے مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرے، اس کا اجر جنت ہے۔ لیکن اگر اس کا مقصد لوگوں کے نزدیک عزت اور شہرت حاصل کرنا ہو، تو اس کا مال خرچ کرنا بیکار ہے۔ اللہ فرماتا ہے کہ اس عمل کا مجھے کوئی حصہ نہیں چاہیے جو میرے علاوہ کسی اور کے لیے کیا گیا ہو۔

## ریاکاری اور علماء کا طرزِ عمل

علماء نے ہمیشہ اخلاص کو اپنا شعار بنایا اور ریاکاری سے دور رہے۔ مثال کے طور پر امام شافعیؒ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے پسند ہے کہ میرا علم پھیلے لیکن میری طرف اسے منصوب نہ کیا جائے۔ یہ ان کے اخلاص کی اعلیٰ مثال ہے۔ علماء کی صحبت اور ان سے سیکھنا ہمیں اخلاص کی راہ پر قائم رہنے میں مدد دیتا ہے۔

## Ikhlaas Ki Raah Mein Rukaawatain

Hum jaante hain ke ikhlaas kisi bhi amal mein ek bunyadi ansar hai, khaaskar talab-e-ilm mein. Agar ikhlaas na ho to ilm ka husool be-maqsad ho jata hai aur iske nataij intehai buraayiyan la sakte hain. In rukaawaton mein sab se bari rukaawat riya kaari hai, jiska matlab hai ke insaan logon ko dikhane ke liye koi amal kare.

## Riya Kaari Ki Tareef Aur Nuqsanaat

Riya kaari ka matlab hai dikhawa karna, yani koi aisa amal jo deen ka ho aur uske peeche maqsad Allah ki raza na ho balki logon ko khush karna ho. Jab koi shakhs logon ki tareef ke liye koi nek amal karta hai to iska maqsad Allah ki khushnudi nahi balki logon ki nazar mein bara ban’na hota hai. Yeh amal deen ke lehaaz se naqaabil-e-qubool hai aur ikhlaas ko barbad kar deta hai.

Rasul Allah ﷺ ne farmaya: "Jis shakhs ne Allah ki raza ke liye logon ko naraaz kar diya, to Allah uske liye kaafi ho jayenge aur logon ki taraf se aane wali takleef aur nuqsan se usay mehfooz rakhenge. Aur jis shakhs ne logon ko raazi karna chaha aur is koshish mein Allah ko naraaz kar diya, to Allah Ta'ala usay logon ke supurd kar dete hain, aur phir log kabhi raazi nahi hote.

Is hadees mein ek ahem sabaq diya gaya hai ke insaan ko har kaam mein sirf Allah ki raza aur khushi talash karni chahiye. Agar insaan Allah ke liye sachai aur haqq par qaim rahta hai, chahe is mein log us se naraaz hi kyun na ho jayein, to Allah Ta'ala uski madad farmate hain aur har qisam ke nuksan aur takleef se usay bacha lete hain.Dusri taraf, jo insaan logon ko khush karne ke chakkar mein Allah ko naraaz kar leta hai, uska anjaam yeh hota hai ke na to log us se mukhlis rehte hain aur na hi Allah ki madad usay naseeb hoti hai. Aakhirat mein bhi Allah ki nafrat aur ruswai uska muqaddar ban jaati hai.

## Riya Kaari Ki Sooratein

Riya kaari ki kai aqsaam hain. Ek soorat yeh hai ke insaan shuru se hi kisi amal ko riya kaari ki niyat se anjaam de. Jaise namaz, roza, ya ilm hasil karna. Agar shuru mein hi niyat logon ko dikhane ki ho to aisa amal zaya ho jata hai. Doosri soorat yeh hai ke ibtida mein amal khuloos se shuru ho lekin douran-e-amal riya kaari ka khayal aa jaye, to is soorat mein bhi yeh amal mutasir hota hai. Aise mein insaan ko apni niyat ki hifazat karte rehna chahiye.

## Riya Kaari Ka Nuqsan

Riya kaari ke nuqsanaat mein sab se bara nuqsan yeh hai ke Allah Ta’ala ke saamne yeh amal qabil-e-qubool nahi hota. Nabi Kareem ﷺ ne farmaya ke riya kaari ek chhota shirk hai. Allah Ta’ala aise amal ko pasand nahi farmate jismein unke sath kisi aur ko shareek kiya jaye. Jo log Allah ki raza ko chhod kar logon ko raazi karne ki koshish karte hain, wo duniya aur aakhirat dono mein nuqsan uthate hain.

**Hazrat Abu Hurairah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Rasoolullah ﷺ ne farmaya:**

"Qayamat ke din sabse pehle teen logon ka faisla kiya jayega:
Ek shaheed ko bulaya jayega, Allah usay apni ni'matein yaad dilayega, aur woh unhe pehchan lega. Allah farmayega: 'Tumne in ni'maton ke saath kya kiya?'
Woh kahega: 'Maine aapki raah mein ladai ki aur shaheed ho gaya.' Allah farmayega: 'Tum jhoote ho. Tumne yeh is liye kiya taake log tumhe bahadur kahe.' Phir usay uske chehre ke bal ghaseet kar jahannum mein daal diya jayega.

Phir ek aalim ya qari ko bulaya jayega, Allah usay apni ni'matein yaad dilayega, aur woh unhe pehchan lega. Allah farmayega: 'Tumne in ni'maton ke saath kya kiya?'
Woh kahega: 'Maine ilm seekha aur doosron ko sikhaya, aur Quran ki tilaawat ki.' Allah farmayega: 'Tum jhoote ho. Tumne yeh is liye kiya taake log tumhe aalim kahe.' Phir usay bhi uske chehre ke bal ghaseet kar jahannum mein daal diya jayega.

Phir ek maal daar aadmi ko bulaya jayega, Allah usay apni ni'matein yaad dilayega, aur woh unhe pehchan lega. Allah farmayega: 'Tumne in ni'maton ke saath kya kiya?'
Woh kahega: 'Maine aapki raah mein kharch kiya.' Allah farmayega: 'Tum jhoote ho. Tumne yeh is liye kiya taake log tumhe sakhawat kaar kahe.' Phir usay bhi uske chehre ke bal ghaseet kar jahannum mein daal diya jayega."

### Shaheed ka waqiya:

Shaheed ko sabse pehle bulaya jayega kyunke shahadat Islam ka ek uncha darja hai. Allah usay apni ni'matein yaad dilayega, jaise zindagi, aql, aur taqat. Woh maan lega ke yeh sab Allah ki taraf se tha. Phir Allah us se poochhe ga ke in ni'maton ka kya kiya. Woh jawab dega ke Allah ki raah mein apni jaan de di. Lekin agar iska maqsad duniya ke logon ka tarif aur shoharat hasil karna tha, toh uska amal kharij kar diya jayega, aur usay azaab diya jayega.

### Aalim aur Qari ka waqiya:

Aalim aur Quran parhne wale ka darja Allah ke nazdeek bohot buland hai. Lekin agar iska maqsad Allah ki raza ke bajaye logon se tarif sunna tha, toh uska bhi amal bekaar ho jayega. Allah sirf woh amal qabool karta hai jo ikhlas ke saath sirf uski raza ke liye kiya gaya ho.

### Maal daar ka waqiya:

Maal daar jo apne maal ko Allah ki raah mein kharch kare, iska ajar jannat hai. Lekin agar iska maqsad logon ke nazdeek izzat aur shoharat hasil karna ho, toh uska maal kharch karna bekaar hai. Allah farmata hai ke us amal ka mujhe koi hissa nahi chahiye jo mere ilawa kisi aur ke liye kiya gaya ho.

## Riya Kaari Aur Ulama Ka Tarz-e-Amal

Ulama ne hamesha ikhlaas ko apna shiaar banaya aur riya kaari se door rahe. Misaal ke tor par Imam Shafai رحمه الله farmaya karte thay ke mujhe pasand hai ke mera ilm phailay lekin meri taraf ise mansoob na kiya jaye. Yeh unke ikhlaas ki aala misaal hai. Ulama ki sohbat aur unse seekhna humein ikhlaas ki raah par qaim rehne mein madad deta hai.